علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اُردو)

وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ

۱۔ امتحانی مشق میں اگر آپ کسی اور کی تحریر سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے فرد سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں۔ خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔

۲۔ کسی دوسرے طالب علم سے عارضی لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد کی مواد کی چوری (PLAGIARISM) پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: اردو شاعری (5607) سمسٹر: بہار 2026

سطح: ایم اے اُردو

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔

6- آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرز تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلق بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

امتحانی مشق نمبر:1

(یونٹ 1 تا 5)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر: 40

سوال نمبر 1۔ ولی کے ہاں دیگر دکنی شعرا کی نست فارسی روایت سے اکتساب کی صورت نمایاں کیوں ہے؟ وضاحت کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 2۔ دنیائے غزل میں مرزا رفیع سودا کی آواز اور لب ولہجہ دوسرے شعرا سے ایک امتیازی حیثیت رکھتا ہے۔ وضاحت کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 3۔ درد کی غزل میں عشق و مجاز کی کیفیات بہت ہی سچائی سے نظم ہوئی ہیں۔ دلائل اور مثالوں کے ساتھ اپنی رائے کا اظہار کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 4۔ لکھنو میں زیست بسر کرنے کے باوجود آتش کی غزل لکھنوی شعری ماحول سے بہت حد تک پاک ہے۔ اس کی کیا وجوہات ہیں؟ بیان کیجیے؟ (20)

سوال نمبر 5 غزل اردو شاعری کی مقبول صنف ہے۔ مثالوں سے واضح کیجیے۔ (20)

امتحانی مشق نمبر:2

(یونٹ 6 تا 9)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر: 40

سوال نمبر 1۔ دبستان لکھنو سے متعلق ہونے کے باوجود غلام ہمد انی مصحفی کی شاعری میں داخلیت کا عنصر کچھ زیادہ ہے۔ آپ کی کیا رائے ہے؟ (20)

سوال نمبر 2 ۔ مومن ہی ایک ایسا شاعر ہے جو نفسیاتی رموز کو سمجھ کر شاعری کرتا ہے۔ نیاز فتح پوری کی اس رائے کا مدلل انداز میں جواب دیجیے۔ (20)

سوال نمبر 3۔ حالی کی جدید غزلوں میں ناصحانہ رنگ کیوں کر پیدا ہوا؟ اردو شاعری پر اس کے کیا اثرات مرتب ہوئے؟ واضح کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 4۔ حسرت موہانی کی غزل، عشق و محبت کی قلبی وارداتوں اور اس کی جاودانی کیفیتوں کی آئینہ دار ہے۔ بحث کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 5۔ سحر البیان میں معاشرتی عکاسی کا کمال یہ ہے کہ اس کے کردار مثالی ہونے کے باوجود حقیقی معلوم ہوتے ہیں۔ اپنی رائے دلائل کے ساتھ تحریر کیجیے۔ (20)